نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کا دورہ۔

صوبائی وزیرزراعت اور سیکرٹری زراعت پنجاب نے یونیورسٹی میں جاری تحقیقی و تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

صوبہ کی زرعی ترقی کے لیے جدید تحقیق ناگزیر ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور 23 نومبر 2025( ) وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر وائس چانسلر بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان و متعلقہ دیگر افسران نے معزز مہمانان کا پرتپاک استقبال کیا۔صوبائی وزیرزراعت اور سیکرٹری زراعت پنجاب نے یونیورسٹی میں جاری تحقیقی و تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور سنٹر فار پریسیژن ایگریکلچر، پاک چین جدید زرعی تحقیق مرکز اور ہائیڈروپونک یونٹ سمیت مختلف شعبہ جاتی مراکز کا معائنہ کیا۔

اس موقع پر وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ کی زرعی ترقی کے لیے جدید تحقیق ناگزیر ہے۔ زرعی یونیورسٹیوں کو چاہیے کہ وہ روایتی تعلیم کے ساتھ بنیادی تحقیق کی رفتار تیز کریں تاکہ سائنس و ٹیکنالوجی کی بنیاد پر عملی نتائج حاصل کیے جاسکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بارانی زرعی یونیورسٹی خطہ پوٹھوہار کی ضروریات کے مطابق تحقیقاتی سرگرمیوں کو مزید وسعت دے اور خطے کی زرعی ضروریات میں ٹھوس تجاویز سامنے لائے۔انہوں نے کہا کہ پائیدار زرعی ترقی کے لیے تحقیقی اداروں، محکمہ زراعت اور نجی شعبے سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مربوط روابط ناگزیر ہیں۔ ہائیڈروپونک ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کو فوری طور پر مزید مستحکم کیا جائے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ صوبہ میں جدید اور عملی زراعت کے فروغ کے لیے تین ریجنل ایگریکلچر فورمز قائم کر دیئے گئے ہیں۔ نادرن ایگریکلچر فورم کی قیادت وائس چانسلر بارانی زرعی یونیورسٹی کریں گے جبکہ سنٹرل اور سدرن فورمز کی سربراہی بالترتیب فیصل آباد اور ملتان زرعی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کریں گے۔انہوں نے کہا کہ یہ فورمز علاقائی سطح پر زراعت کو درپیش مسائل کی نشاندہی اور ان کے قابلِ عمل حل پیش کریں گے اور جدید تحقیق، ٹیکنالوجی اور مربوط حکمتِ عملی کے ذریعے صوبہ پنجاب میں جدید اور مستحکم زرعی ترقی کو عملی شکل دی جائے گی۔

☆☆☆☆